نقد و نظر

الشہاب الثاقب علی المسترق الکاذب

تصنیف : حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی

ناشر : انجمن ارشاد المسلمین، ۶ - بی شاداب کالونی، حمید نظامی روڈ، لاہور۔

کتابت، طباعت، کاغذ، جلد شاندار۔ صفحات ۵۱۲ - قیمت -/۴۰ روپے

حضرت مولانا حسین احمد مدنی مرحوم، برصغیر پاک و ہند کے جلیل القدر علما میں سے تھے۔ آپ کی دینی اور تدریسی خدمات کا سلسلہ بہت وسیع ہے۔ برصغیر سمیت متعدد ملکوں کے بے شمار علما و فضلا نے آپ سے شرفِ تلمذ حاصل کیا۔ مولانا مدنی مرحوم کی تصنیفات میں زیرِ نظر کتاب — الشہاب الثاقب — ایک مشہور کتاب ہے۔ اس میں انھوں نے ان اعتراضات کا جواب دیا ہے جو بعض حضرات نے فقہی مسلک کے کچھ پہلوؤں کے بارے میں علمائے دیوبند پر کیے ہیں۔ کتاب کئی مرتبہ چھپ چکی ہے، اس کا تازہ ایڈیشن حال ہی میں شائع ہوا ہے۔

کتاب کا تازہ ایڈیشن مندرجہ ذیل پانچ کتابوں کا مجموعہ ہے:

۱۔ طویل مقدمہ جو ۱۵۶ صفحات کو محیط ہے۔ یہ مقدمہ جناب انوار احمد صاحب ایم کام نے لکھا ہے۔ اس میں بہت سے علمی اور تحقیقی گوشوں کی وضاحت کی گئی ہے۔

۲۔ مولانا حسین احمد مدنی کے مجمل حالاتِ زندگی، جو مولانا ابوالحسن بارہ بنکوی نے تحریر کیے ہیں۔ یہ حالات ۲۲ صفحات پر مشتمل ہیں۔

۳۔ اس کے بعد صفحہ ۱۸۱ سے اصل کتاب — الشہاب الثاقب — شروع ہوتی ہے، جو ۲۹۲ صفحات تک چلتی ہے۔

۴۔ صفحہ ۲۹۳ سے مولانا سید احمد آفندی برزنجی (جو اس زمانے میں مدینہ منورہ کے مفتی تھے) کا رسالہ "غایۃ المامول" مع عربی متن اور اردو ترجمہ کے شائع کیا گیا ہے۔ یہ رسالہ ۴۲۶ صفحات تک چلا گیا ہے۔